☆☆☆

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 5 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی)

## گروپ-I

وقت: 30 منٹ

نمبر: 20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C, اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B,C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1. غزل یا قصیدہ کا پہلا شعر ہوتا ہے:
(A) حسنِ مطلع (B) مقطع (C) مطلع (D) تخلص

2. قافیہ آتا ہے:
(A) ردیف کے بعد (B) ردیف سے پہلے (C) مصرع کے شروع میں (D) مصرع کے درمیان میں

3. ردیف اصطلاح ہے:
(A) سیاسی (B) نثری (C) افسانوی (D) شعری

4. اِس عبارت میں لفظوں_______ تکرار ہے۔
(A) کا (B) کے (C) کی (D) سے

5. بیس روپے_______ دہی لاؤ:
(A) کے (B) کا (C) کی (D) کیں

6. صابن سے میل اتر_______۔
(A) جاتا ہے (B) جاتی ہے (C) جاتے ہیں (D) جاتیتھی

7. کمرے میں قائدِ اعظم_______ فوٹو ہے۔
(A) کی (B) کیں (C) کا (D) کے

8. قلم_______ نب بدل لو۔
(A) کی (B) کے (C) کیں (D) کا

9. سرسید کو اپنے بھائی کی موت کا صدمہ نہیں بھولا:
(A) دس برس (B) بیس برس (C) پندرہ برس (D) پانچ برس

10. "تصریف" منقسم ہے:
(A) دو حصوں میں (B) چار حصوں میں (C) چھ حصوں میں (D) تین حصوں میں

11. حضرت قمر نے چائے کا پیالا تیار کیا:
(A) بیس دفعہ ابالی ہوئی (B) تیس دفعہ ابالی ہوئی (C) چالیس دفعہ ابالی ہوئی (D) پچاس دفعہ ابالی ہوئی

12. قالین فروش نے خوش پوش نو جوان کو قالین کی قیمت بتائی:
(A) چودہ سو تیس روپے (B) چودہ سو اکتیس روپے (C) چودہ سو بتیس روپے (D) چودہ سو اڑتیس روپے

13. اچھن کے لہجے میں آرزو تھی:
(A) اچھا کھانے کی (B) چراغ کی لو بڑھانے کی (C) شربت پینے کی (D) اچھے کپڑے پہننے کی

14. تشبیہ کے لغوی معنی ہیں:
(A) مانند قرار دینا (B) ہو بہو قرار دینا (C) الٹ قرار دینا (D) کچھ بھی قرار نہ دینا

15. جس چیز سے تشبیہ دی جائے_______ کہلاتا ہے:
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) غرضِ تشبیہ (D) وجہ شبہ

16. ارکانِ استعارہ کی تعداد ہے:
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

17. آرہی ہے چاہِ یوسف سے صدا۔اس مصرع میں چاہِ یوسف_______ ہے۔
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) کنایہ (D) تلمیح

18. تلمیح میں کسی ایسے واقعے کی طرف اشارہ ہوتا ہے جو:
(A) قرآنی ہو (B) نباتاتی ہو (C) سائنسی ہو (D) حسابی ہو

19. مقطع کے لغوی معنی ہیں:
(A) آخری جگہ (B) درمیانی جگہ (C) طلوع ہونے کی جگہ (D) کاٹنے کی جگہ

20. مقطع لفظ ہے:
(A) فارسی زبان کا (B) عربی زبان کا (C) اردو زبان کا (D) ہندی زبان کا